## 26991 ـ نماز عید میں دعا کرنا

### سوال

نماز عید میں کونسی دعا مانگی جاتی ہے ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہمارے علم میں کوئی ایسی خاص دعاء نہیں جو نماز عید یا عید کے روز مسلمان مانگیں، لیکن مسلمانوں کے لیے عیدین کی دونوں رات اور اس دن خطبہ عید الفطر کا خطبہ ختم ہونے تك اللہ اکبر سبحان اللہ، لا الہ الا اللہ، الحمد للہ کہنا مشروع ہے، اور عید الاضحی میں یوم النحر ( یعنی عید کے دن ) اور ایام تشریق ( گیارہ، بارہ اور تیرہ ذوالحجہ ) کے ایام میں تکبیریں کہنا مشروع ہے.

جیسا کہ ذی الحجہ کے پہلے دس ایام میں بھی تکبیریں کہنا مشروع ہے؛ کیونکہ عید الفطر کے متعلق اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے:

تا کہ تم گنتی پوری کرو، اور جس طرح اللہ تعالی نے تمہیں ہدایت دی ہے اس پر اللہ تعالی کی بڑائی بیان کرو ( البقرۃ 185 ).

اس سلسلے میں احادیث اور آثار وارد ہیں.

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے.